تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

February 29 2024

پریس ریلیز

سی ٹی پی، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پروگرام منعقد کر کے سائنس کا قومی دن منایا

سینٹر فار تھیوریٹیکل فزیکس (سی ٹی پی) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے مورخہ اٹھائیس فروری کو ایک شان دار پروگرام کے انعقاد کے ساتھ سائنس کا قومی دن منایا جس میں سائنس برادری کے معزز اراکین نے شرکت کی۔سینٹر کے سمینار میں منعقدہ پروگرام میں فیکلٹی اراکین، پی ایچ ڈی اسکالرز اور مختلف یونیورسٹیوں کے کے ایم ایس سی کے طلبا نے جوش وخروش کے ساتھ حصہ لیا۔

سائنس دانوں اور سائنس سے دلچسپی رکھنے والے دونوں کے دلوں میں سائنس کے قومی دن کی کافی اہمیت ہے کیوں کہ اسی انیس سو اٹھائیس میں سر سی وی رمن نے غیر معمولی کامیابی 'رمن ایفکٹ' کی دریافت کی تھی ہے جس نے شعبہ طبیعات میں انقلاب پیدا کیا اور سائنس میں ہندوستان کو پہلا نوبل انعام دلانے میں کامیابی حاصل کی۔اس کھوج نے صرف ہندوستانی سائنس کو عالمی شناخت نہیں دلائی بلکہ یہ طبیعات کے فروغ میں دنیا بھر میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔

سینٹر کے ڈائریکٹر پروفیسر گھوش کی افتتاحی تقریر سے پروگرام شروع ہوا۔انھوں نے اپنی تقریر میں اس دن کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے پروگرام کی آگے کی کاروائی کے لیے فضا ہموار کر دی۔انھوں نے کہا کہ سائنسی طرز فکر و احساس کو فروغ دینے اور تجسس، استفسار اور تنقیدی فکر کی فضا کو رواج دینے میں سائنس کے قومی دن کی کافی اہمیت ہے۔عوام سے اور خاص طور پر نوجوانوں سے بات چیت کرنے کا یہ موقع ہے اور سائنس، ٹکنالوجی، انجینئرنگ اور ریاضی (ایس ٹی ای ایم) میں اپنا کیریئر بنانے کے لیے انھیں تحریک دینے کا موقع ہے۔ان میں سائنسی دریافت اور کھوج کا جذبہ پیدا کر کے ہم اختراعی اور مسائل حل کرنے والی نسل تیار کر سکتے ہیں جو ملک اور دنیا کے مستقبل کو ایک جہت دے گا۔

ز پروگرام میں متنوع موضوعات تھے جن سے شرکا کو فلکیات اور کونیات سے متعلق حالیہ پیش رفتوں کو کافی سمجھنے میں مدد ملے گی ۔ایجنڈے میں مندرجہ ذیل باتیں شامل تھیں:

اول۔فلکیات و کونیات کے موجودہ موضوعات کی دریافت سے متعلق اشتہار کی نمائش: رسمی سیشن سے پہلے شرکا کے پاس مذکورہ سینٹر کے سینئر پی ایچ ڈی طلبا جدید ریسرچ سے متعلق اشتہارات دیکھنے کا موقع تھا۔یہ مذاکراتی سیشن دو بجے دوپہر سے شام تین بجے تک ہوا تھا جس میں سائنسی دریافتوں کی پیش پیش میں اس کی جھلکیاں دکھائی گئیں تھیں۔

دوم۔ ڈاکٹر مایوکھ راج گنگ اپادھیائے کی گفتگو پرائی موڑیل بلیک ہول (پی بی ایچ ایس) اور مقناطیسی لہروں (جی ڈبلو ایس) پر تھی: ممتاز سائنس داں ڈاکٹر مایوکھ راج گنگ اپادھیائے، سی سی ایس پی، ایس جی ٹی یونیورسٹی، گروگرام نے نوزائیدہ کائنات کی تفہیم میں پرائی موڑیل بلیک ہولز اور مقناطیسی لہروں کے گہرے اثرات کی دریافت پر بصیرت افروز گفتگو کی۔ ان کا سیشن تین بجے سے چار بجے تک چلا جس نے اپنی تعمق اور معنویت کی وجہ سے سامعین کو اپنے سحر میں گرفتار رکھا۔

سوم۔ پروفیسر انجان اے سین کی تقریر ڈارک یونیورس کی کہانی پر تھی: فکر انگیز نکتے پر پروگرام کا اختتام کرتے ہوئے سینٹر کے پروفیسر انجان اے سین نے ڈارک یونیورس کے چیستاں پہلو پر تفصیلی بات کی۔ ڈارک مادے سے ڈارک توانائی کی طرف ان کا پرزینٹیشن چار بجے سے پانچ بجے چلا۔ اس میں انھوں نے ان اسرار پر روشنی ڈالی جو آج بھی دنیا بھر کے سائنس دانوں کو انھیں حل کرنے کے لیے تحریک کا باعث بنے ہوئے ہیں۔

سی ٹی پی، جامعہ ملیہ اسلامیہ میں سائنس کے قومی دن کی تقریب اس بات کا ثبوت ہے کہ ادارہ سائنسی جستجو اور بین علومی اشتراکات کے فروغ کے لیے پابند عہد ہے۔ مجموعی طور پر پروگرام کی روح استفسار اور دریافت کا جذبہ تھا جو سائنسی کوششوں کا محور و مرکز ہے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی